# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: لغت نویسی کا فن اور اردو میں لغت نویسی کی روایت (9024) سمسٹر: بہار، 2025ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال ۱: لغت نویسی کے بنیادی اصول کیا ہو سکتے ہیں؟ تفصیل سے جواب لکھیں۔ 20

سوال ۲: عربی یا فارسی لغت نویسی کے ارتقا پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال ۳: اردو میں منظوم نصاب ناموں کی روایت پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال ۴: اردو لغت نویسی کی ابتدا میں سب سے اہم کام مستشرقین نے انجام دیا۔ تفصیل سے تعارف کروائیں۔ 20

سوال ۵: اردو زبان اور لغت نگاری کے میدان میں گریرسن اور جان گلکرسٹ کے کردار کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ 20

# امتحان مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر: 50

| | |
|---|---|
| سوال ۱: نور اللغات اور امیر اللغات کا موازنہ مثالوں کی مدد سے پیش کریں | 20 |
| سوال ۲: فرہنگِ تلفظ کی علمی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال ۳: تھیسارس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز تھیسارس کے طریقہ کار پر نوٹ لکھیں۔ | 20 |
| سوال ۴: لغت بورڈ کی ''اردو لغت تاریخی اصول پر'' کے امتیازی اوصاف کیا ہیں؟ وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال ۵: آن لائن لغات کی دستیابی نے لغت نویسی کو کس طرح فروغ دیا؟ اپنا ذاتی تجربہ بھی بیان کریں۔ | 20 |